تنزانیہ میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي ٱلْأَرْضِ كَمَا ٱسْتَخْلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْـًٔا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ ﴾

حزب التحرير

HIZB UT TAHRIR

REF: 1445 / 10

ہفتہ، 02 ذوالحج، 1445ھ

08 جون، 2024ء

پریس ریلیز

حزب التحریر تنزانیہ نے غزہ کو بچانے کے لئے مسلم افواج سے مطالبہ کرتے ہوئے مظاہروں کا انعقاد کیا!

امریکہ اور دیگر مغربی ممالک کی مدد سے قابض یہودی وجود کے ہاتھوں غزہ کے مسلمانوں کی نسل کشی، بربریت، اور ناانصافیوں کے خلاف جاری مہم میں، حزب التحریر، تنزانیہ نے 7 جون 2024ء کو جمعہ کی نماز کے بعد مختلف مقامات پر، یہودی وجود کی بربریت کی مذمت کرتے ہوئے اور اس مسئلے کا اسلامی حل پیش کرتے ہوئے احتجاجی ریلیوں کا انعقاد کیا۔

ان ریلیوں میں مقررین نے یہودی وجود کی طرف سے غزہ کے مسلمانوں کا قتل عام کرنے پر اس (یہودی وجود) کی مذمت کی اور ساتھ ساتھ مسلمانوں اور بالخصوص مسلم ممالک کی افواج کو غزہ کے مسلمانوں کو بچانے کے لئے فوری اقدام کرنے کی یاد دہانی کرائی۔ اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ مسلمانوں کی جانوں کی حفاظت ایک اہم مذہبی فریضہ ہے جس کی تاکید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرمت کے اس مہینے (ذوالحجۃ) میں اپنے خطبۂ حجۃ الوداع میں فرمائی تھی۔

دارالسلام شہر میں لندي مسجد اور ادریس مسجد کے باہر چار ریلیاں منعقد کی گئیں جو کاریاکو کے علاقے میں واقع ہیں۔ اسی طرح ماغومینی کی کیشانغانی مسجد اور کِیغامبونی میں دارالسلام مسجد میں جبکہ متوارا اور موانزا کے علاقوں میں بھی دیگر ریلیاں منعقد کی گئیں۔

ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ غزہ اور مشرق و مغرب کے تمام مسلمانوں کے لئے اپنی نصرت (فتح) کو جلد عطا کریں۔ آمین!

مسعود مسلم

تنزانیہ میں حزب التحریر کے میڈیا ترجمان۔